01/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  شیخ انوارالحق سے خبریں سُنئے

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ انتظامیہ جموں کشمیر کی ثقافت اور ورثے کو مزید فروغ دینے کے عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے تاکہ یہاں کے فنکاروں ، کاریگروں اور دستکاروں کی زندگی میں نمایاں تبدیلی لائی جا سکے ۔ انہوں نے ان باتوں  کا اظہار کشمیر ہاٹ میں سرینگر ہیریٹیج فیسٹیول سون میراث کی اختتامی تقریب پر کیا ۔

انہوں نے کہا کہ حکومت چاہتی ہے کہ جموں کشمیر کا ہر نوجوان اپنی ثقافت کے ساتھ جڑا رہے۔اس موقع پر لیفٹیننٹ گورنر نے "Iconic Women of J&K" کے عنوان سے ایک کتاب بھی اجراءکی۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے ماہ رمضان کے با برکت مہینے کے دوران تمام لازمی انتظامات کو یقینی بنانے کے لئے سرینگر میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ قریبی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ سحری اور افطاری کے دوران بالخصوص بجلی اور پانی کی بلا خلل فراہمی اور مقرر ہ نرخوں کے مطابق اشیاءکی دستیابی کو یقینی بنا یا جا سکے ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی محکمے کے وزیر جاوید احمد رانا نے عوام کی فلاح و بہبود کو اوّلین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہر گھر کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔اِن باتوں کا اِظہار اُنہوں نے کساب اور ملک پورمینڈھر میں دو واٹر سپلائی سکیموں کا اِفتتاح کرتے ہوئے کیا۔

دریں اثناءکابینہ وزیر نے مینڈھر میں ایک عوامی دربار کا اِنعقاد کیا جہاں مختلف وفود نے بنیادی سہولیات سے جڑے مسائل و مطالبات کو اجا گر کیا ۔ وزیر موصوف نے وفود کو یقین دِلایا کہ ان کے تمام جائز مطالبات کو پورا کیا جائے گا۔

اننت ناگ

اننت ناگ ویسٹ کے رکن اسمبلی ایڈووکیٹ عبد المجید بھٹ نے دَامجن اننت ناگ میں نالہ پُل کا سنگ بنیاد رکھا جو کہ 10 کروڑ 63 لاکھ کی تخمینہ TRUSS ساندھرن پر دو گلیاروں والے لاگت سے تعمیر ہو رہا ہے ۔

پُل کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پُل کا تعمیری کام مکمل ہونے کے بعد علاقے کے لوگوں کو بہتر سڑک روابط فراہم ہوں گے ۔

سونا واری

سونا واری کے رکن اسمبلی ایڈوکیٹ ہلال اکبر لون نے تیلی محلہ حاجن میں آگ سے متاثرہ کنبوں کے ساتھ ملاقات کی ۔ انہوننے متعلقہ محکمے کو نقصان کا تخمینہ لگانے کی ہدایت دی تاکہ متاثرین کو بنا کسی تاخیر کے ریلیف اور دیگر ساز و سامان فراہم کیا جا سکے ۔ انہوں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ حکومت کی طرف سے انہیں ہر ممکن مدد فراہم کی جائے گی ۔

شانت منو

محکمہ اعلیٰ تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری شانت منو نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں قومی تعلیمی پالیسی 2020 کو موثر طریقے پر عملایا جا رہا ہے اور اِس سلسلے میں درپیش چیلنجونسے نمٹنے کے لئے تمام متعلقین سے رائے طلب کی جارہی ہے۔

اِن باتوں کا اِظہار انہوں نے وومنز کالج سرینگر میں ” Tranforming Education for A Future Ready Generation “ عنوان کے تحت ایک روزہ کانفرنس میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے کیا۔

محمد اعجاز اسد

دیہی ترقی و پنچایتی راج کے سکریٹری محمد اعجاز اسد نے دیہی پیداوار کو بڑھاوا دینے کے لئے منصوبہ بندی میں معاشی سرگرمیوں کو ترجیح دینے پر زور دیا ۔ انہوں نے ایک میٹنگ کے دوران جموں میں منریگا کے لئے سالانہ عملی منصوبہ اور لیبر بجٹ کے مسودے کا جائزہ لیا۔

انہوں نے دیہی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کو یقینی بنانے کے لئے مختلف تعلق دروں کے درمیان ہم آہنگی اور تال میل کی اہمیت کو اجا گر کیا ۔

اطلاع

ناساز گار موسمی حالات کے چلتے جموں کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن نے یوٹی کے ہارڈ زونز میں آج یعنی یکم مارچ اور تین مارچ کو منعقد ہونے والے 10ویں ،11ویں اور 12ویں جماعت کے امتحانات ملتوی کئے ہیں۔ اُمید وار مزید تفصیلات بورڈ کی ویب سائٹwww.jkbose.nic.in پر حاصل کر سکتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے ضلع بھر کے افسران پر زور دیا ہے کہ وہ سماجی تحفظ کی سکیموں میں زیادہ سے زیادہ مستحقین کو شامل کرنے کے لئے جن سُرکھشا مہم کے دوران تمام وسائل کو بروئے کار لائیں ۔

ضلع میں ڈسٹرکٹ Consultative کمیٹی اور ڈسٹرکٹ لیول رِیوو کمیٹی کی میٹنگ کے دوران انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ مارچ کے آخر تک سکیموں کے تعلق سے رجسٹریشن کے سو فیصد ہدف کو حاصل کریں ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ آج مسلسل دوسرے روز بھی ٹریفک کیلئے بند ہے۔ مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ شاہراہ پر اگلی ہدایات تک سفر کرنے سے گریز کریں ۔

اُدھر سرینگر کرگل روڑ /مغل روڈ اورسنتھن- کشتواڑ روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ